01-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	علوم الوقف	کل وقت:	30 منٹ
کلاس:	شھادۃ التجوید والقراءات (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): ______ رول نمبر (لفظوں میں): ____________

نام طالبعلم: ____________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "المدخل" کے مصنف کا نام ہے:

(الف) قاری غلام رسول (ب) قاری خالد حمید کاظمی (ج) قاری محمد ابراہیم میر محمدی (د) قاری محمد ادریس العاصم

2۔ امام ابن مجاہد کے مطابق اوقاف کی معرفت کے لیے اتنے علوم جاننا ضروری ہے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

3۔ علم وقف کا موضوع ہے:

(الف) کلمہ وکلام (ب) حروف تہجی (ج) کلمات فارسیہ (د) آواز وسانس

4۔ امام ابن کثیر مکی قرآن مجید میں اتنے مقامات پر وقف کرنے کا خصوصی اہتمام کرتے تھے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

5۔ محل وقف کی اقسام ہیں:

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

6۔ علامہ ابن الجزری نے علم الوقف حاصل کرنے کو قرار دیا ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

7۔ وقف کافی کا حکم ہے:

(الف) مابعد سے ابتدا کی جائے (ب) ماقبل سے ابتدا کی جائے (ج) دونوں درست ہیں (د) دونوں غلط

8۔ علم وقف پر سب سے پہلے کتاب لکھی ہے:

(الف) امام شیبہ بن نصاح مدنی نے (ب) امام ابن الجزری نے (ج) قاری محمد ابراہیم میر محمدی نے (د) قاری محمد مصطفیٰ راسخ نے

9۔ علامہ زرکشی کے مطابق علم وقف کی معرفت کیلیے علوم جاننا ضروری ہے:

(الف) علم قرات (ب) علم نحو وترکیب (ج) علم تفسیر (د) تینوں درست ہیں

ورق الٹیئے

10۔ دوران تلاوت ٹھہرنے کی صورت صرف انقطاع صوت ہو تو کہلاتا ہے:

(الف) سکتہ (ب) وقف (ج) سکوت (د) قطع

11۔ علم وقف کی غرض وغایت ہے:

(الف) قرآن میں صحیح جگہ وقف کرنا (ب) قرآن کو خوبصورت پڑھنا (ج) قرآن کو درست پڑھنا (د) تینوں غلط ہیں

12۔ محل وقف کی صورتیں ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

13۔ علم وقف میں اعادہ سے مراد ہے:

(الف) وقف کے بعد نیا کلمہ شروع کرنا (ب) وقف کے بعد پچھلے کلمہ سے پڑھنا (ج) وقف کے بعد تلاوت ختم کرنا (د) تینوں درست ہیں

14۔ "یعلمون اور تعلمون" وقف کی مثال ہیں:

(الف) موافق رسم موافق وصلی کی (ب) موافق رسم مخالف وصل کی (ج) موافق وصل مخلف رسم بالحذف کی (د) موافق وصل مخالف رسم بالاثبات کی

15۔ "جآن" پر وقف ہے:

(الف) وقف بالاسکان (ب) وقف بالتشدید (ج) وقف بالاثبات (د) وقف بالابدال

16۔ کیفیت وقف بہ لحاظ وصل کی صورتیں ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

17۔ وقف اضطراری سے مراد ہے:

(الف) قصداً وقف کرنا (ب) مجبوراً وقف کرنا (ج) تدریس کے دوران ٹھہرنا (د) تینوں درست ہیں

18۔ ایسے کلمہ پر وقف کرنا جس کا مابعد سے معنوی تعلق تو ہو مگر لفظی تعلق نہ ہو تو کہلاتا ہے:

(الف) وقف تام (ب) وقف حسن (ج) وقف کافی (د) وقف قبیح

19۔ علامہ سجاوندی نے علامات اوقاف مقرر کیں:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

20۔ وقف بالتشدید کی مثال ہے:

(الف) فَحَدِّث (ب) تَعلَمُونَ (ج) مُستَبِرّ (د) الرَّحِیم

01-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	علوم الوقف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	شهادة التجويد والقراءات (السنة الاولى)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "المدخل" کا مکمل نام مع مصنف کا مکمل نام تحریر کریں۔
2۔ علم وقف کا استمداد کیا ہے؟ تحریر کریں۔
3۔ علم وقف کی معرفت کے دو فوائد تحریر کریں۔
4۔ اعادہ اور ابتداء کی تعریفات تحریر کریں۔
5۔ علم وقف کا موضوع تحریر کریں۔
6۔ نبی کریم ﷺ نے خطیب کو (بِئْسَ الْخَطِيْبُ أَنْتَ) کیوں فرمایا؟ وجہ تحریر کریں۔
7۔ کیفیت وقف بہ لحاظ ادا کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔
8۔ علم وقف کی اقسام کتنی ہیں؟ تحریر کریں۔
9۔ علم وقف میں وصل کی تعریف کیا ہے؟ تحریر کریں۔
10۔ زبر اور زیر پر وقف بالاشمام کرنا جائز ہے یا ناجائز مع وجہ تحریر کریں۔
11۔ وقف وابتداء کی اہمیت پر کوئی ایک حدیث پاک تحریر کریں۔
12۔ قطع کسے کہتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ وقف بالاشمام کی تعریف کریں۔
2۔ وقف بالاثبات کی تعریف تحریر کریں۔
3۔ وقف بالسکون اور وقف بالاسکان میں فرق تحریر کریں۔
4۔ وقف حسن اور وقف قبیح کا حکم تحریر کریں۔
5۔ وقف تام کی تعریف مع مثال لکھیں۔
6۔ وقف علی الوصل کی تعریف مع مثال لکھیں۔
7۔ لفظ "فِرْقٍ" کی راء کو وقف کی حالت میں کیسے پڑھنا اولیٰ ہے؟
8۔ وقف بالاظہار کی تعریف مع مثال لکھیں۔
9۔ محل وقف کی کتنی صورتیں ہیں؟ صرف نام تحریر کریں۔
10۔ کیفیت وقف بلحاظ رسم کی کتنی صورتیں ہیں؟ نام تحریر کریں۔
11۔ کیا مواقع سکتہ میں وقف کرنا جائز ہے؟ تحریر کریں۔
12۔ حروف مقطعات کے درمیان میں وقف کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. علم وقف کی لغوی واصطلاحی تعریف لکھتے ہوئے علم وقف کا حکم وفائدہ تحریر کریں۔
ii. علم وقف کی ضرورت واہمیت پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔
iii. مندرجہ ذیل کلمات میں قواعد وقف بیان کریں۔ (صرف 3)

1-خاشعة 2-قواريرا 3-بصيرا 4-تعلمون 5-نستعين

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. کیفیت وقف کے اعتبار سے وقف کی اقسام تفصیلاً تحریر کریں۔
ii. قاری کے احوال اور ضرورت کے اعتبار سے وقف کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف قلم بند کریں۔
iii. اوقاف کی معرفت کے لیے کون کونسے علوم جاننا ضروری ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔